سوال

نماز تراویح کے ساتھ فرضوں کی ادائیگی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ عشا کے فرض نہیں پڑھے ، تراویح کی جماعت شروع ہوجاتی ہے ایسی صورت میں تراویح پڑھنی چاہیے یا پہلے چار فرض ادا کریں۔

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مذکورہ میں آپ کو پہلے فرض ادا کرنے چاہیں۔ کیونکہ فرض کی ادائیگی ضروری ہے جبکہ تراویح ایک نفلی عبادت ہے، جو ضروری نہیں ہے۔ اس کی ادائیگی کی صورت کچھ یوں ہوگی کہ آپ امام کے ساتھ تراویح میں ہی شریک ہوجائیں لیکن خود فرض کی نیت کرلیں۔ جب امام دو تراویح پر سلام پھیر دے تو آپ اپنی بقیہ دو رکعت نماز مکمل کرلیں۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث